AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت
A.B.C CERTIFIED
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 | منگل 19 جمادی الثانی 1445ھ 2 جنوری 2024ء 19 پوہ 2079ب | شمارہ نمبر 209

پاکستان ریاست کی جنگ لڑ رہا ہے 98 فیصد بلوچ ہمارے ساتھ ہیں

وزیر اعظم

ایف بی آر نے ریکارڈ ریونیو اکٹھا کیا ہے، آئی ایم ایف کے قرض سے تب جان چھوٹے گی جب زیادہ ٹیکس اکٹھا کریں گے، آئی ایم ایف سے قسط جلد ملنے کی امید ہے، قرض لینا منفی عمل نہیں ہے، امریکا بھی قرض لیتا ہے: انوار الحق کاکڑ

اگر کسی کو ڈنڈے پڑتے ہیں تو سارے لب کشائی کرتے ہیں، دہشت گردی کیخلاف جنگ میں مارے جانے والوں کیلئے کوئی نہیں بولتا، آزادی اظہار پر پابندی نہیں لگا سکتے، ری کوشش ہے الیکشن کو یقینی بنائیں گے: میڈیا سے گفتگو

دعا ہے نیا سال ملکی ترقی کی نوید لیکر آئے: نگران وزیر اعظم

فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے نیا سال سادگی سے منا رہے ہیں: انوار الحق کاکڑ

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے سال نو 2024 کے موقع پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ سال 2024 ہمارے ملک پاکستان کیلئے ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے، اپنے فلسطینی بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ہم نئے سال کو انتہائی سادگی سے منا رہے ہیں۔ میرکو وزیر اعظم کے میڈیا ونگ سے جاری پیغام میں (بقیہ نمبر 34)

لاہور (وقائع نگار خصوصی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ احتجاج کا حق سب کو ہے لیکن احتجاج قانون کے دائرے میں ہونا چاہئے۔ برنس فیسیلٹی ایسٹیشن سینٹر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ ایف بی آر نے ریکارڈ ریونیو اکٹھا کیا ہے، آئی ایم ایف کے قرض سے تب جان چھوٹے گی جب زیادہ ٹیکس اکٹھا کریں گے، آئی ایم ایف سے قسط جلد ملنے (بقیہ نمبر 37)

پاک فوج ہماری، ادارے یا سربراہ سے کوئی اختلاف نہیں، بیرسٹر گوہر

تحریک انصاف ان تمام حالات کے باوجود الیکشن کا بائیکاٹ نہیں کر رہی: چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے موجودہ انتخابی عمل پر شدید تحفظات کا اظہار کر دیا۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی امیدواروں کو انتخابی عمل سے کھلے عام روکا گیا، الیکشن کمیشن فوری اخذ و نوٹس لے، ایسی پہلے کبھی مثال نہیں ملتی، الیکشن کمیشن کی پہلی ذمہ داری شفاف اور غیر جانبدارانہ الیکشن ہے، شفاف (بقیہ نمبر 36)

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی تھانہ کشن اقبال کی عمارت اور دیگر 36 تھانوں کا ورچوئل افتتاح کر رہے ہیں

محسن نقوی کی بند روڈ پراجیکٹ کی تکمیل کیلئے 31 جنوری کی ڈیڈ لائن

وزیر اعلیٰ پنجاب کا رات گئے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ پراجیکٹ کا تفصیلی دورہ

لاہور (این این آئی) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ پراجیکٹ کی تکمیل کے لئے 31 جنوری کی ڈیڈ لائن دے دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے رات گئے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ پراجیکٹ کا تفصیلی دورہ کیا اور 2 گھنٹے تک 3 اعشاریہ 7 کلومیٹر طویل پراجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ پراجیکٹ کو 31 جنوری تک مکمل کرنے کا ٹارگٹ دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے رات گئے کنٹرولڈ (بقیہ نمبر 43)

سپریم کورٹ کا 7 رکنی بینچ تشکیل، آج سماعت

تاحیات نااہلی کیس

چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس امین الدین خان، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی لارجر بینچ کا حصہ ہیں

آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت تاحیات نااہلی بارے میر بادشاہ قیصرانی نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی تھی، عدالت نے تمام فریقین کو نوٹس جاری کر دیے، سماعت آج 11 بجے ہوگی

اسلام آباد، پشاور (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت تاحیات نااہلی سے متعلق درخواست پر بینچ تشکیل دے دیا۔ آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت تاحیات نااہلی سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ ملے گا یا الیکشن ایکٹ؟ عدالت نے سماعت کے لیے بینچ تشکیل دے دیا۔ سپریم کورٹ نے میر بادشاہ قیصرانی کیس میں تاحیات نااہلی سے متعلق نوٹس پر 7 رکنی لارجر بینچ تشکیل دیا جو آج سوا بجے کی سماعت کرے گا۔ چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس امین الدین خان، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی لارجر بینچ کا حصہ ہیں۔ عدالت عظمیٰ کا لارجر بینچ کل دن ساڑھے 11 بجے سماعت کرے گا۔ علاوہ ازیں پشاور ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی کو انتخابی نشان بلے کے معاملے پر الیکشن کمیشن کی نظر ثانی اپیل کی سماعت ڈویژن بنچ سے کرانے کی درخواست مسترد کر دی گئی۔ پشاور ہائیکورٹ نے جسٹس اعجاز خان کل درخواست (بقیہ نمبر 35)

پاکستان کو 70 کروڑ کی دوسری قسط، IMF کا اجلاس 11 جنوری کو ہوگا

بورڈ کی منظوری کی صورت میں پاکستان کو 70 کروڑ ڈالرز کی قسط ملے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے ساتھ 3 ارب ڈالر کے اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ کے پہلے جائزے میں محکمے کی سطح پر معاہدے کی منظوری کے لیے عالمی ترقیاتی بینک (آئی ایم ایف) کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف کے جاری کردہ شیڈول کے تحت ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 11 جنوری کو ہوگا۔ اجلاس میں آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ (بقیہ نمبر 38)

توہین الیکشن کمیشن: عمران خان فواد چوہدری کیخلاف مقدمے پر سماعت 3 جنوری کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور استحکام پاکستان پارٹی (بقیہ نمبر 39)

این اے 130، نواز شریف کی کاغذات منظوری کیخلاف اپیل دائر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کے حلقہ این اے 130 سے کاغذات کی منظوری کے خلاف الیکشن ٹریبونل میں اپیل دائر کر دی گئی۔ نواز شریف کے (بقیہ نمبر 42)

لاہور: نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ برنس فیسیلٹیشن سنٹر کے دورے کے موقع پر مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات درج کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی سمیت دیگر بھی موجود ہیں

سکندر سلطان راجہ سے کہنا چاہتا ہوں یہ الیکشن نہیں مذاق ہے، شیخ رشید

ہم پر غلط اور بے بنیاد الزام لگایا گیا، ہمیں کالا پیاں فراہم کی جائیں، ہائیکورٹ جانا چاہتے ہیں، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ سابق وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ سے کہنا چاہتا ہوں کہ یہ الیکشن نہیں مذاق ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ این اے 56 اور 57 کے آر او نے گزشتہ روز شام ساڑھے 4 بجے صدقہ کا بیان دینے کا وعدہ کیا تھا۔ شیخ رشید نے کہا کہ میرے وکلا رات 11 بجے تک وہاں بیٹھے رہے لیکن انہیں (بقیہ نمبر 44)

الوداع 2023، مختلف ممالک میں سال نو کا جشن کیساتھ استقبال

آٹھ ارب کی آبادی نے نئی امنگوں اور امیدوں کیساتھ نئے سال میں قدم رکھ دیا

سڈنی (این این آئی) انسانی تاریخ کا گرم ترین سال 2023 اپنے اختتام کو پہنچ گیا ہے اور آٹھ ارب کی آبادی نے نئی امنگوں اور امیدوں کے ساتھ نئے سال میں قدم رکھ دیا۔ سال 2023 پر نظر دوڑائی جائے تو ان بارہ ماہ میں جیٹ بوٹس بھی ٹیکنالوجی سامنے آئی، ماحولیاتی بحرانوں کا سامنا رہا اور یوکرین اور غزہ میں جنگ کی شدت بڑھتی ہوئی دکھائی دی۔ آسٹریلیا کے شہر سڈنی سے دنیا کا نیو (بقیہ نمبر 41)

شارٹ فال 6700 میگاواٹ، لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے تک پہنچ گیا

پن بجلی کی پیداوار میں 80 فیصد تک کمی ہوئی، 10 ہزار میگاواٹ کے بجائے صرف 1200 میگاواٹ پیدا کی جا رہی ہے

غازی بروتھا اور دیگر پراجیکٹس سے 620 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی، لوڈشیڈنگ کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا

لاہور (سٹی رپورٹر) پاور پلانٹس میں مرمتی کام اور ایندھن کی کمی کے باعث بجلی کا شارٹ فال پیداوار کے مقابلے میں 50 فیصد کے قریب پہنچ گیا۔ ذرائع کے مطابق ملک میں بجلی کی طلب 14 ہزار 500 میگاواٹ ہو گئی، مختلف ذرائع سے صرف 7 ہزار 800 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے جبکہ شارٹ فال 6700 میگاواٹ تک پہنچنے سے مختلف علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے تک جا پہنچا۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق پن بجلی کی (بقیہ نمبر 40)

فلسطین کیسا کھڑے ہیں جلیل عباس مزید 20 ٹن امدادی سامان غزہ روانہ

سامان میں سرجیکل، طبی سامان، خشک کھانے کی اشیاء، بچوں کیلئے گفٹ بیگز کے علاوہ حفظان صحت کی کٹس بھی شامل ہیں

مصیبت زدہ آبادی کو انسانی امداد کی فوری فراہمی کو یقینی بنایا جائے، دنیا جنگ بندی کیلئے اسرائیل پر دباؤ بڑھائے: وزیر خارجہ

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فلسطینی بہن بھائیوں کی مدد میں پاکستان پیش پیش، غزہ کے لئے پاکستان سے 20 ٹن امدادی سامان کی تیسری کھیپ روانہ کر دی گئی، تفصیل کے مطابق امدادی سامان کی تیسری کھیپ پاک فضائیہ کی خصوصی پرواز کے ذریعے نور خان ائیر بیس سے روانہ کی گئی، تیسری امدادی کھیپ تقریباً 20 ٹن ضروری اشیاء پر مشتمل ہے جس میں غزہ میں زمینی ضروریات کے مطابق سرجیکل/طبی سامان، خشک کھانے (بقیہ نمبر 45)

فیض آباد دھرنا کمیشن، کمیشن نے شہباز شریف کو طلب کر لیا

سابق وزیر اعظم 3 جنوری کو پیش ہونگے، تحقیقاتی کمیشن سوالنامہ دیگا

اسلام آباد (آن لائن) فیض آباد دھرنا تحقیقاتی کمیشن نے سابق وزیر اعظم شہباز شریف کو طلب کر لیا۔ ذرائع نے فیض آباد دھرنا کمیشن نے شہباز شریف کو تین جنوری کو طلب کیا ہے، انہیں بطور وزیر اعلیٰ پنجاب طلب کیا گیا ہے کیونکہ جس وقت فیض آباد دھرنا دیا گیا تھا اس وقت شہباز شریف بطور وزیر اعلیٰ پنجاب تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ شہباز شریف کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا گیا ہے، سابق وزیر اعظم (بقیہ نمبر 61)

سروے جاری کرنیوالے میڈیا کیخلاف کارروائی کی جائے، الیکشن کمیشن

سرگرمیاں ووٹر پر اثر انداز ہوتی ہیں، الیکشن عمل میں خلل ڈالتی ہیں، بیرسٹر انوش لے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے الیکشن سے متعلق سروے جاری کرنیوالے میڈیا ہاؤسز کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ الیکشن کمیشن نے چیئرمین پیمرا کو مراسلہ لکھ دیا جس میں کہا گیا ہے کہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والے میڈیا کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ بعض چینلز پول سروے نشر کر رہے ہیں، ضابطہ اخلاق کے مطابق اسکی ممانعت ہے، ضابطہ اخلاق کے (بقیہ نمبر 60)

کوئٹہ: بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سینیٹ اجلاس: سوشل میڈیا پر فوج مخالف پروپیگنڈا کیخلاف قرارداد منظور

دہشتگردی کیخلاف جنگ اور ملکی سرحدوں کے تحفظ و دفاع میں مسلح افواج اور دفاعی ایجنسیوں نے بے پناہ قربانیاں دیں، سینیٹر بہرہ مند تنگی نے قرارداد پیش کی

دشمن ہمسائیوں کے ہوتے ہوئے مضبوط فوج اور سیکیورٹی ایجنسی ناگزیر، حکومت فوج کے خلاف منفی پروپیگنڈا کرنے والوں کو سخت سزا دے: قرارداد کا متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ نے پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز کے خلاف منفی اور بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈا کرنے والوں کو سخت سزا دینے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔ سینیٹ کا اجلاس چیئرمین سینیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں متعدد بڑز پیش کیے۔ پیپلز پارٹی کے سینیٹر بہرہ مند تنگی نے افواج پاکستان کے حق میں ایک قرارداد پیش کی جسے اتفاق رائے سے منظور کر لیا گیا۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ اور ملکی سرحدوں کے تحفظ و دفاع میں مسلح افواج اور دفاعی ایجنسیوں نے بے پناہ قربانیاں دیں، فوج اور سیکیورٹی فورسز کے خلاف منفی اور بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈا کرنے والوں کو سخت سزا دی جائے۔ قرارداد میں کہا گیا کہ دشمن ہمسائیوں کے ہوتے ہوئے مضبوط فوج اور سیکیورٹی ایجنسی ناگزیر ہے، سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پاک فوج کے خلاف پراپیگنڈا پر بھی پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، (بقیہ نمبر 57)

لاہور ہائیکورٹ کا آئی جی پنجاب کو عمر ڈار کی بازیابی کا حکم

عمر ڈار کی گرفتاری کیخلاف والد کی درخواست پر جسٹس علی باقر نجفی نے سماعت کی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے آئی جی پنجاب کو عمر ڈار کو بازیاب کرانے کا حکم دیا۔ لاہور ہائی کورٹ میں عمر ڈار کی گرفتاری کے خلاف والد کی درخواست پر جسٹس علی باقر نجفی نے سماعت کی، درخواست میں آئی جی پنجاب، سی سی پی او لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ہماری ہوٹل مالک سے ملاقات ہوئی ہے وہ ہمیں سی سی ٹی وی فوٹیج (بقیہ نمبر 62)

دس سالہ معاشی منصوبہ بنایا جائے: حمزہ شہباز

صاف چلی شفاف چلی نے توشہ خانہ کی گھڑی کو بھی نہ بخشا: نور کنونشن سے خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے ایک بار پھر اس سال معاشی منصوبے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے کو تمام سیاسی جماعتیں آئینی تحفظ دیں کہ معاشی جزیں مضبوط ہو سکیں، ہم کبھی انتقام نہیں لیں گے ہم نے اپنے معاملات اللہ تعالیٰ کی ذات پر چھوڑ دیے ہیں، شہزاد اکبر وہ، دو گھنٹے کی پریس کانفرنس کرنا تھا، مسلم لیگ (بقیہ نمبر 63)

پاکستان، بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ

حکومت پاکستان نے ملک میں قید 231 بھارتی قیدیوں کی فہرست کا تبادلہ کیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ ہوا، جو 2008 کے قونصلر رسائی کے معاہدے کے تحت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے کے تحت ہر سال یکم جنوری اور یکم جولائی کو ایک دوسرے کی تحویل میں قیدیوں کی فہرستوں (بقیہ نمبر 64)

کمسن فین کے شعر نے نواز شریف کو ہنسنے پر مجبور کر دیا، ویڈیو وائرل

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف لوان کی کمسن جزی فین نے شعر سنا کر ہنسنے پر مجبور کر دیا۔ مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف (بقیہ نمبر 58)

آلودگی کے اعتبار سے لاہور دنیا میں بارویں نمبر پر براجمان

لاہور (این این آئی) آلودگی کے اعتبار سے لاہور دنیا میں بارویں نمبر پر براجمان ہو گیا۔ شہر میں سموگ کی اوسط شرح 167 ریکارڈ کی گئی۔ ٹھوکر نیاز بیگ کے علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 172 ریکارڈ، مال روڈ کے علاقے کا ایئر کوالٹی (بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر تجارت و رشد جمال شاہ، شاہ عالیہ دتہ خاروں کی مرمت کے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

جلاؤ گھیراؤ کیس، صنم جاوید کے جسمانی ریمانڈ میں ایک روز کی توسیع

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن عدالت نے مسلم لیگ (ن) ہاؤس جلانے کے کیس میں ملزم صنم جاوید کے جسمانی ریمانڈ میں مزید ایک روز کی توسیع کر دی۔ پولیس نے ملزمہ صنم جاوید (بقیہ نمبر 49)

شیخ رشید کے ایم این اے 56 سے کاغذات نامزدگی مسترد ہونیکا فیصلہ جاری

راولپنڈی (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید کے این اے 56 سے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا گیا جس کے مطابق شیخ رشید کے کاغذات نامزدگی پر عائد اعتراضات درست (بقیہ نمبر 50)

نئے سال کی مبارک 9 فروری کو دوں گا، بابر اعوان

پاکستان تحریک انصاف انتخابات لڑے گی، ہم الیکشن جیتیں گے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ نیا سال اگر 2023 جیسا ہے تو میں مبارک نہیں دے سکتا، میں نئے سال کی مبارک آپ کو 9 فروری کو دوں گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بابر اعوان نے کہا کہ پاکستان تحریک (بقیہ نمبر 52)

کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کیخلاف اپیلیں دائر ہونا شروع

اسلام آباد (این این آئی) ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف الیکشن ٹریبونل میں اپیلیں دائر ہونا شروع ہو گئیں، الیکشن شیڈول کے مطابق امیدوار الیکشن ٹریبونل میں 3 دن تک (بقیہ نمبر 53)

بلاول بھٹو زرداری نے کل سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس طلب کر لیا

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کل (بدھ) تین بجے سہ پہر بلاول ہاؤس لاہور میں سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس طلب کر لیا ہے۔ پاکستان (بقیہ نمبر 54)

نواز شریف چوتھی بار وزیر اعظم بن کر کریں گے کیا؟ فیصل کریم کنڈی

بلاول ہر شہر میں این آئی سی وی ڈی جیسے ادارے قائم کریں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ نواز شریف چوتھی بار وزیر اعظم بن کر کریں گے کیا؟ ایک بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ نواز شریف 40 سال حکومت میں رہے، پنجاب میں این آئی سی وی ڈی جیسا ایک بھی اسپتال (بقیہ نمبر 55)

سپریم کورٹ میں لاپتا افراد، جبری گمشدگیوں کیخلاف کیس سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس بینچ کے سربراہ، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی بھی بینچ کا حصہ ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں لاپتا افراد و جبری گمشدگیوں کے خلاف کیس سماعت کے لیے مقرر کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ (آج) منگل کو سماعت کرے گا۔ جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی بھی بینچ کا حصہ ہوں گی۔ سینئر وکیل اعتزاز احسن سمیت متعدد درخواست گزاروں (بقیہ نمبر 56)

سانحہ 9 مئی: مراد سعید، ظہیر تاج گل سمیت 51 ملزمان کی جائیداد ضبطی کا حکم

ملزمان کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی جاری رکھتے ہوئے ملزمان کے گھروں، اہم مقامات پر اشتہار آویزاں کرنے کا حکم

فہرست میں فرخ حبیب، عمر ایوب، علی امین گنڈاپور، زبیر نیازی، جنرل (ر) اکرم ساہی، شوکت بھٹی، میاں طارق و دیگر شامل

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی کو گوجرانوالہ کینٹ پر حملے اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں مراد سعید، حماد اظہر اور عمر ایوب سمیت 51 ملزمان کی جائیدادیں ضبط کرنیکا حکم دے دیا۔ گوجرانوالہ کی انسداد دہشتگردی عدالت نے مقدمے میں ملوث 51 ملزمان کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی جاری رکھتے ہوئے ملزمان کے گھروں اور شہر کے اہم مقامات پر اشتہار آویزاں کرنے کا حکم دے دیا۔ یاد رہے کہ انسداد (بقیہ نمبر 51)

غزہ پر بارود کی بارش، خواتین، بچوں سمیت 100 فلسطینی شہید

دنیا بھر میں اسرائیل کیخلاف مظاہرے

زیتون میں اسرائیلی طیارے رات بھر عام شہریوں کو نشانہ بناتے رہے، مغازی کیمپ میں رہائشی عمارتوں کو ڈرون سے نشانہ بنایا گیا

نصیرت کیمپ میں بھی گھروں الاقصیٰ یونیورسٹی میں پناہ گزین کیمپ پر بمباری، بمباری سے مسجد اقصیٰ کے سابق امام شیخ یوسف بھی شہید

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) نئے سال کے آغاز کے ساتھ ہی اسرائیلی فوج نے وسطی اسرائیل میں سائرن بجانے کا اعلان کیا، نئے سال کے پہلے روز بھی غزہ میں بمباری کے نتیجے میں بچوں اور خواتین سمیت مزید 100 فلسطینی شہید ہو گئے جبکہ القسام برگیڈز نے بھی جوابی کارروائی کی اور حماس ایب پریس راکٹ برسائے، سال کے موقع پر فلسطین میں قیام امن کیلئے دنیا بھر میں احتجاجی مظاہرے بھی کئے گئے ہیں۔ عالمی ذرائع ابلاغ (بقیہ نمبر 65)

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر تجارت فواد حسن فواد چینی برنس مینوں کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور: نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کو وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی سوونیئر پیش کر رہے ہیں

نئے سال کے آغاز پر سٹاک مارکیٹ میں تیزی، 64 ہزار پوائنٹس کی حد بحال

زبردست اضافے کے بعد 100 انڈیکس 64 ہزار 600 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا

کراچی (بیورو رپورٹ) سرمایہ کاروں کا بھی معیشت پر اعتماد بحال ہونے سے پاکستان سٹاک ایکسچینج میں نئے سال کے پہلے روز ہی تیزی دیکھنے میں آئی ہے۔ نئے سال کے پہلے روز ہی سٹاک مارکیٹ میں ٹریڈنگ کے دوران 2100 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان سٹاک مارکیٹ (پی ایس ایکس) میں زبردست اضافے کے بعد 100 انڈیکس 64 ہزار 600 (بقیہ نمبر 46)

کرونا کا خدشہ، امریکہ سے پاکستان کو نئی ویکسین ملنے کی توقع

نئی فائزر کووڈ ویکسین کی مزید 3 لاکھ ڈوز زبھی اسی مہینے مل جائیں گی: وفاقی حکام

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کو چند دنوں میں امریکا سے فائزر کی نئی کووڈ ویکسین ملنے کی توقع ہے۔ وفاقی حکام کے مطابق امریکا سے کووڈ ویکسین کی 2 لاکھ ڈوز کی آمد چند دنوں میں متوقع ہے اور نئی فائزر کووڈ ویکسین کی مزید 3 لاکھ ڈوز بھی اسی مہینے مل جائیں گی۔ حکام کے مطابق فائزر کی نئی ویکسین کووڈ 19 کے نئے ویریئنٹس کے خلاف بھی موثر ہے، کووڈ ویکسین حجاج کرام اور بابی رنک (بقیہ نمبر 47)

نااہلی کی 10 سالہ مدت بحال کی جائے: چیئرمین نیب عدالت پہنچ گئے

عدالت انٹرا کورٹ اپیل میں سنگل بنچ کا فیصلہ فوری معطل کرے، استدعا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیب نے الیکشن لڑنے کے لیے نیب سے سزا یافتہ نااہلی کی مدت 10 سال سے 5 سال کرنے کے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر دی۔ سزا یافتہ افراد کے الیکشن لڑنے کے خلاف نیب بھی میدان میں آ گیا، چیئرمین نیب نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے نیب سے سزا پانے والے افراد کی نااہلی کی مدت کم کرنے کے سنگل بنچ کے فیصلے کو معطل (بقیہ نمبر 48)

روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایڈیٹر کنٹرولر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

افغان طالبان کے سینئر رہنما کا دورہ پاکستان کا شیڈول

افغان طالبان کے سینئر رہنما اور صوبہ قندھار کے گورنر ملا شیرین اخوند کی آئندہ ماہ کے اوائل میں اسلام آباد آمد متوقع ہے تاکہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے معاملے پر دو طرفہ تعلقات میں پیدا ہونے والا تعطل ختم کرنے کی ایک نئی کوشش کی جا سکے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملا شیرین اخوند اسلام آباد میں انٹیلی جنس اور دفتر خارجہ کے حکام سے بھی ملاقاتیں کرینگے۔ یہ دورہ کالعدم ٹی ٹی پی کے حوالے سے پاکستان کے ساتھ تناؤ کو کم کرنے کے لیے افغان طالبان کی کوششوں کا حصہ ہے، قبل ازیں اسی طرح طالبان نے سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن کو کابل آنے کی دعوت دی تھی تاکہ وہ مذاکرات میں معاونت فراہم کرسکیں، تاہم دفتر خارجہ نے اسے محض ایک نجی طور پر دی جانے والی دعوت قرار دیا تھا۔ ملا شیرین اخوند افغان طالبان کی ایک اہم شخصیت سمجھے جاتے ہیں، انہوں نے طالبان کے عسکری اور سیاسی شعبوں میں مختلف کردار ادا کیے ہیں، سینئر قیادت کے ساتھ ان کے قریبی تعلقات اور طالبان کی اہم سرگرمیوں میں شمولیت انہیں افغانستان کے حکمرانوں کی قیادت کا ایک نمایاں اور بااثر رکن بناتی ہے۔ وہ پہلے بھی پاکستان کے ساتھ مصروف عمل رہے ہیں اور افغان طالبان انتظامیہ کی جانب سے کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ رابطے کے لیے جانے جاتے ہیں۔ کالعدم ٹی ٹی پی کے معاملے پر جاری تعطل نے پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کو کشیدہ کر دیا ہے، پاکستان میں کالعدم ٹی ٹی پی کی دہشت گردانہ سرگرمیوں اور افغان سرزمین سے سرگرم اِس گروپ کے خلاف کارروائی کرنے میں افغانستان کی ناکامی کی وجہ سے اس کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔

انچارج چوکی سٹی دینہ مطلوب حسین اوران کی ٹیم کی اہم کاروائی

ناجائز اسلحہ رکھنے والا ملزم گرفتار، ناجائز اسلحہ برآمد

جہلم (ڈپٹی بیورو چیف عتیق حسین) انچارج چوکی سٹی دینہ مطلوب حسین اوران کی ٹیم کی اہم کاروائی، ناجائز اسلحہ رکھنے والا ملزم گرفتار، ناجائز اسلحہ برآمد کیا گیا ملزم کی شناخت سہیل حسین کے نام سے ہوئی ہے، ملزم سے مثل 30 بور مدروند برآمد، ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف آپریشن جاری رہے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم ناصر محمود باجوہ

تھانہ اربن ایریا پولیس کی کاروائی کے دوران ڈکیتی کے 05 مقدمات میں مطلوب 05 ملزمان گرفتار

سرگودھا (بیورو چیف رانا اسلم شاہین) تھانہ اربن ایریا پولیس کی کاروائی کے دوران ڈکیتی کے 05 مقدمات میں مطلوب 05 ملزمان گرفتار، تفصیلات کے مطابق تھانہ اربن ایریا پولیس نے پانچ مقدمات میں مطلوب پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ گرفتار گینگ کے قبضے سے نقدی اور موبائل فونز اور چھینا گیا مال مسروقہ بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ مزید برآں ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والے 02 غیر قانونی پاسل 30 بور بھی برآمد کر لیئے گئے ہیں۔ گرفتار گینگ سے تفتیش جاری ہے مزید انکشافات کی توقع ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او سرگودھا فیصل کامران نے کہا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی، انھوں نے کہا کہ لوگوں کی جان و مال سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں

پاکستانی نژاد امریکی شہری سلطان محمود وڑائچ کا اپنے آبائی شہر سرگودھا کے لیے خدمات کا سلسلہ جاری



سرگودھا (بیورو چیف رانا اسلم شاہین) پاکستانی نژاد امریکی شہری سلطان محمود وڑائچ کا اپنے آبائی شہر سرگودھا کے لیے خدمات کا سلسلہ جاری سلطان، ڈاکٹر فیصل مسعود ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا کو 20 اسٹریچر اور 20 وہیل چیئرز عطیہ کیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی نژاد امریکی شہری سلطان محمود وڑائچ جو ان دنوں اپنے آبائی شہر سرگودھا آئے ہوئے ہیں نے گزشتہ روز ڈاکٹر فیصل مسعود ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا کا دورہ کیا اور خدمت خلق کے جذبے کے تحت مریضوں کیلئے 20 اسٹریچر اور 20 وہیل چیئرز عطیہ کیں۔ اس موقع پر کشمیر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی کے درخواست پر معروف سماجی رہنما سلطان محمود وڑائچ نے ہسپتال کو 10 ڈائلسز مشینوں کی جلد فراہمی کا وعدہ بھی کیا۔ معروف سماجی رہنما و اوورسیز پاکستانی سلطان محمود وڑائچ عرصہ 20 سال سے امریکہ میں مقیم ہیں۔ سلطان محمود وڑائچ نے پاکستان میں حالیہ سیلاب میں بھی وافر مقدار میں امدادی سامان سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بھیجا تھا۔ اس موقع پر معروف سماجی راہنما سلطان محمود وڑائچ نے کہا کہ مشکل وقت میں اوورسیز پاکستانی اپنے پاکستانی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ سرگودھا کا بیٹا ہوں، اپنے لوگوں کی خدمت کر کے فخر محسوس ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیار غیر میں رہتے ہوئے بھی میرا دل اپنے ہم وطنوں کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ آج کہہ بھی جو مکمل ہو سکے گا اہل سرگودھا کے لیے کریں گے۔ سلطان محمود وڑائچ نے کہا کہ کشمیر سرگودھا بہترین کام کر رہے ہیں، اوورسیز پاکستانی اپنے شہر سرگودھا کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہتے ہیں۔ بعد ازاں معروف سماجی راہنما سلطان محمود وڑائچ نے ایم ایس سرگودھا کے ہمراہ ہسپتال کے مختلف سیکشنز میں مریضوں کو درمیانے سہولیات کا جائزہ لیا۔ سلطان محمود وڑائچ 10 سال تک امریکہ کی ریاست لوئیزیانا کے شہر نیو آرلینز میں پاکستانی کمیونٹی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری رہے ہیں۔ مقامی و عالمی تنظیموں نے انسانیت کے لیے ان کی خدمات کو سراہا ہے۔ سلطان محمود وڑائچ آج کل امریکی ریاست میری لینڈ میں مقیم ہیں

حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کی زندگیوں میں آسانی لانا ہے، کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید

ساہیوال (شاکر ہاشمی) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کی زندگیوں میں آسانی لانا ہے جس کے لئے مختلف شعبوں میں اصلاحات اور سہولیات میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے سرجیکل ٹاور میں سٹیٹ آف دی آرٹ آپریشن تھیٹرز کے افتتاح سے نہ صرف مریضوں کو جدید طبی سہولیات دستیاب ہونگی بلکہ انہیں علاج کے لئے دوسرے شہروں کے تکلیف دہ سفر سے بھی نجات ملے گی۔ اب ڈاکٹرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان آپریشن تھیٹرز سے بھرپور استفادہ کریں اور عوام کو ریلیف دیں۔ وہ یہاں 2 ارب روپے کی خطیر لاگت سے ہسپتال میں 12 جدید آپریشن تھیٹرز کو آپریشنل کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے جس میں ڈپٹی کمشنر اکرام الحق، پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر اختر محبوب، سابق ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر صادق سلیم، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عبدالمجید نیازی، ڈاکٹر نثار احمد سعیدی، ڈاکٹر اعزاز ذیشان جمیل، ڈاکٹر فرخ شہزاد، صدر پی ایم اے ڈاکٹر سرفراز چوہدری، سرجن ڈاکٹر محمد مظہر، سی ای او ساہیوال انٹرنیشنل ہسپتال ڈاکٹر مظہر شیرازی، ڈاکٹر زاہد ستار، ڈاکٹر مسیح اللہ، ڈاکٹر محمد وسیم، ڈاکٹر طفیل احمد، ڈاکٹر ہارون گیلانی، ڈی ایم ایس ڈاکٹر ذیشان مرزا، ڈائریکٹر فنانس ڈاکٹر محمد علیم، ڈاکٹر حسان رم اور ڈاکٹر عامر قریشی سمیت متعلقہ سٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان نے کہا کہ ہسپتال میں مزید 12 آپریشن تھیٹرز کے کام شروع کرنے سے مریضوں کو بڑی سہولت میسر آئے گی۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہسپتال کو 377 بیڈز کی بجائے موجودہ 1150 بیڈز کے مطابق وسائل فراہم کئے جائیں تاکہ مریضوں کی بہترین دیکھ بھال کی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر اکرام الحق نے ہسپتال کے مسائل حل کرنے اور مریضوں کی فلاح و بہبود کے لئے ضلعی انتظامیہ کے بھرپور تعاون کی یقین دھانی کرائی۔ اس سے پہلے اپنے خطبہ استقبالیہ میں ایم ایس ڈاکٹر اختر محبوب نے بتایا کہ محدود مالی وسائل اور سٹاف کی کمی کے باوجود ہسپتال میں روزانہ 2 ہزار سے زائد مریضوں کو او پی ڈی میں علاج کی سہولیات میسر ہیں جنہیں مزید وسائل دستیاب ہونے پر بڑھایا جا سکے گا۔ انہوں نے آپریشن تھیٹرز کے قیام میں شعبہ یورالوجی کے سربراہ ڈاکٹر نثار احمد سعیدی اور ان کی ٹیم کی ان تھک کوششوں کو سراہا۔ بعد ازاں ٹیم ممبران میں خصوصی شیلڈز اور سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے گئے

پریس کلب (ر) ساہیوال کی خوبصورت حلف برداری کی تقریب پریس کلب میں منعقد ہوئی

ساہیوال (شاکر ہاشمی) پریس کلب (ر) ساہیوال کی خوبصورت حلف برداری کی تقریب پریس کلب میں منعقد ہوئی چیئرمین پرنٹ میڈیا (ایسوسی ایشن) (ر) ساہیوال راناباہر منصور، صدر پرنٹ میڈیا میاں شبیر احمد جنجوعہ، جنرل سیکرٹری شاکر ہاشمی، سینئر نائب صدر پرنس الطاف حسین نائب صدر شیخ حفیظ عمران، نائب صدر خالد رضا، میڈیا کوارڈینیٹر رانا سہیل اقبال ودیگر عہدے داران و ایگزیکٹیو ممبران کا بھرپور استقبال کیا اور پھولوں کے ہار پہنائے ہیرل عزیز نوتھیٹ صدر رانا جاوید نثار اور ان کی تمام ٹیم کو پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ساہیوال نے مبارک باد پیش کرتے ہوئے نیک تمناں کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کی بلامقابلہ کامیابی تازہ ہوا کا جھونکا ہے رانا جاوید نثار کی تمام ٹیم گلدستے کی مانند ہیں

حالیہ گیس کے بلوں سیٹ فکس ٹیکسز لگا کر عوام پر ایک اور مہنگائی بم گرا دیا گیا ہے، رانا مظفر علی فاروقی

کمالیہ (نامہ نگار) صدر انجمن تحفظ حقوق شہریاں رانا مظفر علی فاروقی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ حالیہ گیس کے بلوں سیٹ فکس ٹیکسز لگا کر عوام پر ایک اور مہنگائی بم گرا دیا گیا ہے۔ جس سے غریب عوام کا مزید جینا دوبھر ہو گیا ہے کمالیہ شہر میں پہلے ہی صرف گیس کی سپلائی میں لائن لاس تک آتی تھی وہاں تک گیس کا بہاؤ ٹھیک تھا اس کے علاوہ کمالیہ شہر گنجلی محلوں میں جو لائنز دستیاب ہوتی بلکہ انہیں علاج کے لئے دوسرے شہروں کے تکلیف دہ سفر سے بھی نجات ملے گی۔ اب ڈاکٹرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان آپریشن تھیٹرز سے بھرپور استفادہ کریں اور عوام کو ریلیف دیں۔ وہ یہاں 2 ارب روپے کی خطیر لاگت سے ہسپتال میں 12 جدید آپریشن تھیٹرز کو آپریشنل کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے جس میں ڈپٹی کمشنر اکرام الحق، پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر اختر محبوب، سابق ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر صادق سلیم، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عبدالمجید نیازی، ڈاکٹر نثار احمد سعیدی، ڈاکٹر اعزاز ذیشان جمیل، ڈاکٹر فرخ شہزاد، صدر پی ایم اے ڈاکٹر سرفراز چوہدری، سرجن ڈاکٹر محمد مظہر، سی ای او ساہیوال انٹرنیشنل ہسپتال ڈاکٹر مظہر شیرازی، ڈاکٹر زاہد ستار، ڈاکٹر مسیح اللہ، ڈاکٹر محمد وسیم، ڈاکٹر طفیل احمد، ڈاکٹر ہارون گیلانی، ہی آئس جانے پر مجبور ہیں ایک تو پہلے ہی گیس کی لوڈشیڈنگ بہت زیادہ ہے اور اس دوران جو گیس آتا ہے اسکا پریشر انتہائم ہوتا ہے کہا پانیاں تو دور چولہا بھی صحیح سے نہیں جل پاتا جس کی وجہ سے شہری پہلے ہی پریشان تھے لیکن اب حکومت کی جانب سے اضافی فکس ٹیکسز سے ان کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہوگا حکومت کو چاہیے کہ وہ گیس بلز میں لگائے گئے اضافی ٹیکسز فوری ختم کرے اور کمالیہ شہر میں گیس کی فراہمی کو یقینی بنائے اور جو گیس آرہا ہے اس کے پریشر کو بھی مزید بہتر بنایا جائے

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کمالیہ میں چھ مہینے گزرنے کے باوجود آئی وارڈ میں کوئی بھی آئی سپیشلسٹ تعینات نہیں ہوسکا

کمالیہ (نامہ نگار) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کمالیہ میں چھ مہینے گزرنے کے باوجود آئی وارڈ میں کوئی بھی آئی سپیشلسٹ تعینات نہیں ہوسکا۔ جس کی وجہ شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے ساتھ آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر محمد حافظ صادق امین کو ریٹائر ہوئے چھے ماہ گزر گئے لیکن ان کی جگہ ابھی تک کوئی نیا آئی سپیشلسٹ تعینات نہ ہوسکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اضافی چارج سنبھالنے والی لیڈی ڈاکٹر سارا دن آفس سے غائب رہتی ہیں مریض گھنٹوں انتظار کرتے رہتے ہیں اور تنگ ہاکر واپس لوٹ جاتے ہیں شہریوں نے ارباب اختیار سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

میاں ارقم خاں، میاں عاصم خان اور میاں ارسم ارقم خان کا کاغزات نامزدگی مسترد ہونے کیخلاف اپیل کرنے کا فیصلہ

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) میاں ارقم خاں ،میاں عاصم خان اور میاں ارسم ارقم خان کا کاغزات نامزدگی مسترد ہونے کیخلاف اپیل کرنے کا فیصلہ، ان اوچھے ہتھکنڈوں اور بھونڈی سازشوں سے عوام کی خدمت سے بھاگنے والے انہیں عوام کی خدمت ہی ہمارے خاندان کا طرہ امتیاز ہے تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف ضلع گوجرانوالہ کے صدر امیدوار پی پی 68 میاں محمد ارقم خان اور میاں محمد ارسم ارقم خان ایڈووکیٹ امیدوار پی پی 68 اور امیدوار این اے 81 نے کہا ہے کہ مخالفین کے اوچھے ہتھکنڈوں سے ڈرنے والے نہیں عوامی نمائندے ہیں ہمیشہ عوام کے شانہ بشانہ رہیں گے ڈٹ کر عمران خان اور تحریک انصاف کے ساتھ کھڑے ہیں مضبوط امیدواروں کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنا سیاسی انتقام پر مبنی ہے ہم جلد الیکشن ٹریبونل سے اعلیٰ عدلیہ میں اپیل کے لیے جا رہے ہیں ہم پر امید ہیں کہ اعلیٰ عدلیہ ہمارے بنیادی حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے ہمیں انصاف فراہم کرے گی سیاسی بنیادوں پر امیدوار برائے پی پی 68 میاں محمد ارقم خان ،میاں محمد عاصم خان سابق ممبر کونسل امیدوار پی پی 68 اور میاں محمد ارسم ارقم خان ایڈووکیٹ امیدوار پی پی 68 اور امیدوار این اے 81 سیٹ مضبوط امیدواروں کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنا ایک بھونڈی سازش ہے لیکن محب وطن عوام الیکشن میں ایسی سازشوں کو بے نقاب کریں گے مخالفین کو پتہ چل گیا ہے کہ عوام عمران خان اور پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ کھڑے ہیں ہمارا خاندان عرصہ دراز سے عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہے اور ہمارے خاندان کی عوامی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں یہی وجہ ہے کہ ہمارے سیاسی مخالفین پاکستان تحریک انصاف کی مقبولیت سے خائف ہیں۔ جس طرح تحریک انصاف کے سینئر رہنماں کے کاغذات نامزدگی مسترد کیے گئے اس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی۔ جو پولیس گردی ہو رہی ہے ایسا تو دنیا کی تاریخ میں کبھی نہیں ہوا۔ الیکشن کمیشن سپہلے کار بنا ہوا ہے لیکن ہم ہر ظلم کا مقابلہ کریں گے کاغذات نامزدگی مسترد ہونا کوئی بڑی بات نہیں۔ جس کو عوام کی قوت حاصل ہے، اسکو کوئی طاقت مسترد نہیں کر سکتے چند لوگوں کے بنڈ کروں میں بیٹھ کر کرنے والے فیصلوں کے خلاف ہم قانونی جنگ کرینگے نگران حکومت اور الیکشن کمیشن تمام سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کو لیول پلینگ فیلڈ دینے اور صاف شفاف الیکشن کے انعقاد میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہے ہیں ایسے متنازعہ الیکشن بہت بڑے سیاسی اور معاشی عدم استحکام کا باعث بنیں گے جس سے پاکستان کے مستقبل اور فیڈریشن کو شدید خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔....

رجسٹرڈ آٹو لوڈر رکشہ کا بغیر جرمانہ فٹنس سرٹیفکیٹ کی تجدید کا آج آخری

روز مالکان فٹنس سرٹیفکیٹ کا حصول لازمی بنائیں اور پریشانی سے بچیں

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس) پنجاب حکومت کا رجسٹرڈ آٹو لوڈر رکشہ مالکان کیلئے احسن اقدام آج 2 جنوری 2024 آخری روز شہری بغیر جرمانہ اپنے قریبی VICS سینٹر سے فٹنس سرٹیفکیٹ کی تجدید کروائیں۔ تفصیلات کیمطابق رجسٹرڈ آٹو لوڈر رکشہ اور چنگ چی رکشوں کے مالکان کیلئے حکومت پنجاب کا احسن اقدام ہے جس کے تحت محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے ویگل فٹنس سرٹیفکیٹ تجدید کروانے پر جرمانہ معاف کر دیا گیا تھا تاہم شہری کوئی بھی سابقہ جرمانہ ادا کے بغیر صرف 879 روپے فیس ادا کر کے کسی بھی قریبی VICS سینٹر سے ویگل فٹنس سرٹیفکیٹ کی تجدید کروائیں تاہم اس سہولت کی آخری 2 جنوری (2024) آخری تاریخ ہے۔ ذمہ دار شہری بنیں اور فٹنس سرٹیفکیٹ کا حصول لازمی بنائیں اور پریشانی سے بچیں

ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کا شادی تقریبات میں ون ڈش اور اوقات کار پابندی پر سختی سے عملدرآمد کروانے کا حکم

قصور (بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) پنجاب حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کا شادی تقریبات میں ون ڈش اور اوقات کار پر پابندی کے قانون پر مزید سختی سے عملدرآمد کروانے کا حکم۔ ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے حکم دیا ہے کہ وہ ہر پراپرٹی ڈیلر کے شادی ہال کی تقریبات کو خصوصی طور پر چیک کریں۔ ون ڈش اور اوقات کار کی خلاف ورزی پر بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ضلع بھر میں ون ڈش پابندی اور اوقات کار پر سختی عملدرآمد کروایا جائے۔ اس کے علاوہ شادی ہال پر کام کرنے والے فارم ہاسز کو بھی چیک کیا جائے اور جہاں کہیں بھی خلاف ورزی پائی جائے ذمہ داران کیخلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے۔ ون ڈش یا اوقات کار کی پابندی نہ کرنے والوں سے کوئی رعایت نہ برتی جائے

شیخوپورہ ,ایس ایچ او شاہ زمان کی صحافیوں کے وفد سے ملاقات

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) تھانہ صدر کے ایس ایچ او شاہ زمان سے صحافی وفد جن میں میڈیا کوآرڈینیٹر پریس کلب شیخوپورہ نعمان بیگ ،اینکر پرسن شہزاد غلام دستگیر ،ارسلان بیگ ،شاہد جاوید ،شہباز سندھو ،شاہد ،شہزاد جٹ نے ملاقات کی ،اور انسداد جرام کے حوالے سے بھی بات چیت کی گئی

ایس ایچ او تھانہ بھکھی شاہ فیصل کی زیرِ نگرانی انچارج چوکی جیون پورہ ملک اصغر کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروایاں جاری

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) ایس ایچ او تھانہ بھکھی شاہ فیصل کی زیرِ نگرانی انچارج چوکی جیون پورہ ملک اصغر کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروایاں جاری ،ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی ہدایت پر انچارج چوکی جیون پورہ ملک اصغر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارواہی کرتے ہوئے مشیات فروش اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا چوکی جیون پورہ پولیس نے کارواہی کرتے ہوا ملزمان کے قبضہ سے 4 عدد کلاشنکوف 1 ،عدد 9mm پیستکوں گولیاں 2200 ،گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے ،انچارج چوکی جیون پورہ ملک اصغر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف سخت سے سخت کارواہی عمل میں لائی جائے گی گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف مقدمات درج کر لیے گے ہیں ایسے ملزمان کسی رعات کے مستحق نہیں ،ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی انچارج چوکی جیون پورہ ملک اصغر اور ان کی ٹیم کو شاباش

یہ تجربہ کار سیاستدانوں پر مشتمل یہ پینل ضلع جھنگ کی خوشحالی کا ضامن ہے، رائے طارق شہزاد

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) ضلعی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ) ن (رائے طارق شہزاد نے خدوم سید فیصل حیات کی پاکستان مسلم لیگ) ن (میں شمولیت اور ان کی سرپرستی میں حلقہ پی پی 130 سے امیدوار خان امیر عباس خان سیال، حلقہ این اے 110 سے امیدوار مولانا آصف معاویہ سیال، حلقہ پی پی 128 سے خادم حسنین مگھیانہ اور پی پی 129 سے خالد نجی چوہدری کے انتخابی پینل کا بھرپور فرحت مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تجربہ کار سیاستدانوں پر مشتمل یہ پینل ضلع جھنگ کی خوشحالی کا ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پینل کی تشکیل کے بعد ضلع جھنگ پاکستان مسلم لیگ) ن (کا قلعہ بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد نواز شریف، محمد شہباز شریف، محترمہ مریم نواز اور حمزہ شہباز کی دلولہ انگیز قیادت میں پاکستان مسلم لیگ) ن (دن بدن مزید مستحکم ہوتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدوم سید فیصل صالح حیات ایک جہاں دیدہ گھاگھ اور پرلے درجے کے سیاستدان ہیں۔ ان کی قیادت میں ضلع جھنگ کی سیاست میں انقلاب برپا ہوا ہے

خان امیر عباس خان سیال اور حلقہ این اے 110 سے امیدوار مولانا آصف معاویہ سیال کا ضلع جھنگ میں انتخابی پینل تشکیل دے دیا

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ) ن (کی مرکزی قیادت کی طرف سے بانی تحصیل احمد پور سیال خان نجف عباس خان سیال مرحوم کے فرزند اور حلقہ پی پی 130 سے امیدوار خان امیر عباس خان سیال اور حلقہ این اے 110 سے امیدوار مولانا آصف معاویہ سیال کا ضلع جھنگ میں انتخابی پینل تشکیل دے دیا گیا۔ ساتق وفاقی وزیر داخلہ خدوم فیصل صالح حیات اس پینل کی سرپرستی کر رہے ہیں۔ حلقہ پی پی 128 سے خادم حسنین مگھیانہ اور پی پی 129 سے خالد نجی چوہدری اس پینل کا حصہ ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ) ن (کے اس پینل کو ضلع جھنگ میں سب سے مضبوط اور مستحکم اور ضلع جھنگ کی تعمیر وترقی کے لئے نیک شگون قرار دیا جا رہا ہے۔ مجھے ہوئے سیاستدانوں پر مشتمل پاکستان مسلم لیگ) ن (کا یہ پینل ضلع جھنگ کے پسے ہوئے طبقے کے لئے امید کی کرن بن کر ابھرا ہے۔ خان امیر عباس خان سیال نے پینل کی تشکیل کے بعد میڈیا کو بتایا کہ پاکستان مسلم لیگ) ن (انشاءاللہ ضلع جھنگ میں کلین سویپ کرے گی

واسا لاہور کا سولرائزیشن کی طرف ایک اور قدم سیکرٹری ہاسنگ ساجد ظفر ڈال نے واسا ہیڈ آفس میں 70 کلوواٹ سولر پاور پلانٹ کا افتتاح کر دیا

لاہور (اسد کھرل سے) اس سولر سسٹم کی تنصیب سے واسا لاہور کو بجلی کے بلوں کی مد میں ماہانہ 15 سے 20 لاکھ کی بچت ہو سکے گی۔ واسا لاہور اس سے پہلے محمود بوٹی ڈسپوزل اسٹیشن اور ملتان روڈ ڈسپوزل اسٹیشن پر سولر سسٹم کی تنصیب عمل میں لا چکا ہے۔ سیکرٹری ہاسنگ کا مزید کہنا ہے کہ واسا لاہور کے تمام آفسسز کو مرحلہ وار سولر سسٹم پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ سیکرٹری ہاسنگ ساجد ظفر ڈال کو ایم ڈی واسا غضنفر احمد نے واسا کے تمام پراجیکٹس کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ واسا لاہور کے سکاڈا، جی آئی ایس، سولرائزیشن، ریونیو، آئی ٹی اصلاحات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری ہاسنگ ساجد ظفر ڈال نے واسا لاہور کی آئی ٹی اصلاحات کو سراہا اور تمام واسز میں واسا لاہور کی طرز کی اصلاحات کو نافذ کروانے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس کے علاوہ مون سون کی تیاریوں اور ڈیجیٹل کمپلیٹ مینجمنٹ سسٹم سمیت دیگر منصوبوں کے حوالے سے سیکرٹری ہاسنگ کو بریفنگ دی گئی۔ علاوہ ازیں سیکرٹری ہاسنگ ساجد ظفر ڈال نے ایم ڈی واسا غضنفر احمد کے ہمراہ ڈیجیٹل کمپلیٹ مینجمنٹ سنٹر گلبرگ کا دورہ کیا۔ واسا لاہور عوامی شکایات کا فوری ازالہ گھر کی دہلیز پر ممکن بنائے اور پانی کے ضیاع ،سیوریج و ڈرین لائنوں میں کوڑا کرکٹ ڈالنے والوں کو جرمانے کرنے کی ہدایات بھی دیں۔ سیکرٹری ہاسنگ کا کہنا ہے کہ پانی نعمت خداوندی ہے ہمیں ہلکر اس کے ضیاع روکنے کے لیے اقدامات کرنے ہوں گے۔ ایم ڈی واسا غضنفر احمد نے سیکرٹری ہاسنگ کو یادگار اور شیلڈ پیش کی

آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن پھولنگر نے موسم سرما کی تعطیلات میں اضافے کا نوٹیفکیشن مسترد کرتے ہوئے محکمہ تعلیم سے اپنے فیصلے پر نظر ثانی کا مطالبہ کیا ہے

پھولنگر (حسنیم نقوی سے) آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن پھولنگر کے صدر خان فہد خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ محکمہ تعلیم کے افسران ڈرائنگ رومز میں بیٹھ کر ایسے فیصلے کر رہے ہیں کہ جس سے تعلیم اور قوم کے بچوں کا مستقبل تاریک ہونے کا خدشہ ہے۔ قانون کے مطابق تعلیمی سال میں طلبہ کیلئے اپنے پورے کورس کو پڑھنے کے لیے کم از کم 240 دن درکار ہیں جبکہ پہلے ہی ہمارے صوبے کے میٹرک کے طالب علموں کو گزٹڈ چھٹیوں کے بعد صرف 126 دن میسر ہیں اور انٹرمیڈیٹ کے طالب علموں کو صرف 91 دن میسر ہیں جبکہ سب سے بڑا نقصان بچوں کی تعلیم کو پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چھٹیوں میں توسیع کیلئے موسم سرما کا بہانہ بنایا گیا اور حقیقت اساتذہ کی ایکشن ٹریننگ میں مصروفیت کی وجہ سے چھٹیوں میں اضافہ کیا گیا۔ حالانکہ پرائیویٹ سکولز کے اساتذہ کا انتخابی عمل کیساتھ کوئی واسطہ نہیں اسلئے نجی سیکٹر پر چھٹیوں کا اطلاق کا بھی کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔ آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن پھولنگر کے صدر خان فہد خان نے چھٹیوں میں حالیہ اضافے کو محکمہ تعلیم کی ناٹھس پالیسی قرار دیتے ہوئے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹیفکیشن واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

سانگلہ ہل چار مرتبہ انکوائری ہونے کے باوجود انٹرویو ریکارڈ رجسٹر سامنے نہ آسکا

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) سانگلہ ہل چار مرتبہ انکوائری ہونے کے باوجود انٹرویو ریکارڈ رجسٹر سامنے نہ آسکا۔ 13 سال سے اضافے کا منتظر شہری سراپا احتجاج بن گیا۔ محمد اسلم نے باب کی جگہ 20 فیصد کوٹے کے تحت محکمہ تعلیم میں بھرتی کیلئے درخواست دی تھی۔ میرٹ پر آنے کے باوجود نوکری نہ مل سکی۔ تفصیل کے مطابق طلبہ اقبالپورہ کا رہائشی محمد اسلم نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور سیکرٹری ایجوکیشن پنجاب کو دی جانے والی درخواست میں مقدمہ اختیار کیا ہے کہ میں نے اپنے رجسٹرڈ باپ کی جگہ 20 فیصد کوٹے کے تحت محکمہ تعلیم میں بھرتی کیلئے درخواست دی میرٹ پر آنے کے باوجود مجھے نوکری نہ مل سکی اور سابق ڈپٹی ایج

بعدالت جناب ممتاز حسین بھٹی صاحب نائب تحصیلدار سرکل گوہند پور پاکپتن،

عنوان مقدمہ: محمد رشید بنام عنوان: علیہ بی بی وغیرہ، درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 75/ 72 واقع موضع چک اللوری خاں تحصیل وضلع پاکپتن شریف، یوم: علیہ بی بی، آمنہ بی بی متوفیہ دختر محمد علی بذریعہ وارثان جمال الیاس، محمد الیاس، اقبال، شہادت علی، ظفر اقبال پسران، معراں بی بی، شاذیہ بی بی، نادیہ بی بی، شاذیہ بی بی دختران آمنہ بی بی، مغراں بی بی دختران بی بی دختران محمد علی، بعدہ اللہ، منبول احمد، مقصود احمد، بشیر احمد پسران محمد نواز خورشید بی بی، نسیم بی بی، رخسانہ بی بی، نازیہ بی بی، فاطمہ بی بی، منظور حسین محمد نواز، رضیہ بی بی، بلقیس بی بی دختران بشیر احمد، راحت علی ولد محمد علی متوفی بذریعہ وارثان: 16/ 19ء پیلے فوتگی مقدمہ میں، اشفیر احمد علی، کاشف علی پسران، یاسمین دختر راحت علی اقوام ہیرہ ذمہ دی کنالے چک نمبر 37 L.4 اکٹھا ہے۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعا علیہ/ مدعا علیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار بذریعہ مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 02-01-2024 کو وقت 9 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب رانا رضوان یوسف صاحب سول جج درجہ اول تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعوی تعمیل حکم معاہدہ بیع: بعنوان: اعجاز احمد ولد عاشق بنام خالد وغیرہ اشتہار بنام خالد ولد راحت قوم کھرل سعی کا ساکن محمد حسین آباد تاندلیانوالہ مرزاز ولد عابد علی قوم مغل ساکن ضلعہ اسماعیل، عمر دراز ولد محمد قوم کمرل ساکن ضلعہ سعی کا تحصیل تاندلیانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں 03-01-2024 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا مدعا علیہم تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ورنہ یکطرفہ کارروائی میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب محترم ارم شریف جنجوعہ صاحب سول جج گوجرانوالہ

دعوی دائمی خرچہ جان وغیرہ عنوان: ندیم احمد ارشد وغیرہ بنام محمد ذیشان اشتہار بنام محمد ذیشان ولد ارشد احمد ساکن نوشہرہ روڈ نزد نیشنل انٹیمنٹ سکول گلی نمبر 6 حکمنو زید کالونی گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 15-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترم محمد ایوب صاحب سول جج گوجرانوالہ

دعوی دائمی خرچہ جان وغیرہ عنوان: عبدالرحمن بنام محمد اقبال عرف بالا وغیرہ اشتہار بنام محمد اقبال عرف بالا ولد چراغ قوم شیخ سکنہ گلی نمبر 3 محلہ نفش پورہ شاہین آباد گوجرانوالہ۔ محمد ریاست محمد الاہ۔ محمد عارف۔ محمد آصف عرف پپو پسران محمد چراغ اقوام شیخ سا کنان گلی نمبر 9 محلہ محمد پورہ شاہین آباد گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 18-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز/ تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع جان محمد تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) مظہر رسول ولد ولیدار کے وارثان نظام فاطمہ، ولیدار ولد والدین پیلے فوت شدہ غلام فاطمہ بیوہ بعد فوت شدہ محمد عباس، جاوید اقبال، حافظ محمد امین، مسرت بی بی، غلام عائشہ، ناہید اختر پسران وبنات مرحوم، زینب بی بی دختر کنواری پیچھے فوت شدہ غلام بی بی دختران محمد نواز کے سگے بہن۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر نگرانی کرے بعد اگر کوئی دعوے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب ہدایت اللہ شاہ صاحب ADJ سیالکوٹ

